City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

الیکشن کے دن لمبی قطاروں سے بچیں۔ ایڈوانس پولنگ کے دوران ووٹ دے دیں

ووٹرز 6 تا11 اکتوبر تک منعقد ہونے والی ایڈوانس ووٹنگ کے دوران، 2026 کے بلدیاتی انتخابات میں قبل از وقت ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

17 ستمبر 2026

سٹی آف Mississauga اہل ووٹرز کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ الیکشن کے دن یعنی پیر، 26 اکتوبر سے پہلے منعقد ہونے والی ایڈوانس ووٹنگ سے فائدہ اٹھائیں۔ ایڈوانس ووٹنگ کے ذریعے، ووٹرز الیکشن کے دن سے پہلے ہی اپنی سہولت کے مطابق مختلف دنوں اور مقامات پر جا کر اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ووٹ ڈالنے کا طریقہ وہی رہے گا، البتہ آپ پہلے ووٹ دے سکتے ہیں اور اپنی سہولت کے مطابق وقت منتخب کر سکتے ہیں۔

ایڈوانس ووٹنگ کی سہولت ووٹ ڈالنے میں آسانی، قطاروں میں کمی اور ووٹرز کو زیادہ لچک فراہم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اگر 26 اکتوبر کو آپ کو کام، اسکول، دیکھ بھال کی ذمہ داریوں، سفر یا کسی اور مصروفیت کی وجہ سے وقت نہ مل سکتا ہو، تو ایڈوانس ووٹنگ کے ذریعے آپ پہلے ہی ووٹ ڈال سکتے ہیں اور اپنی قیمتی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں۔

بروز منگل، 6 اکتوبر تا اتوار، 11 اکتوبر تک ایڈوانس ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالیں۔ Mississauga سٹی ہال (300 سٹی سنٹر ڈرائیو) میں 6 اور 7 اکتوبر کو ایڈوانس ووٹنگ کی سہولت دستیاب ہو گی۔ 8 تا 11 اکتوبر تک پورے شہر میں مختلف مقامات پر ووٹنگ کھلی رہے گی اور آپ ایڈوانس ووٹنگ کے کسی بھی مقام پر جا کر ووٹ ڈال سکیں گے۔

الیکشن کے دن اہل ووٹرز اُسی وارڈ میں موجود ووٹنگ کے کسی بھی مقام پر ووٹ ڈال سکیں گے، جہاں وہ رہائش پذیر ہوں یا جہاں ان کی جائیداد واقع ہو۔ آپ میئر، وارڈ/ریجنل کونسلر اور اسکول بورڈ ٹرسٹیز کا انتخاب کریں گے۔ اپنا ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ (اگر آپ کو موصول ہوا ہو) اور ایک قابل قبول شناختی دستاویز لازمی طور پر اپنے ساتھ لے کر جائیں۔

ووٹ ڈالنے سے پہلے

ووٹ ڈالنے سے پہلے چند منٹ نکال کر یقینی بنائیں کہ آیا آپ ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، آپ کے ووٹر کی معلومات درست ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ آپ اپنا ووٹ کہاں ڈال سکتے ہیں۔ اس سے ووٹ ڈالنے کا عمل تیز تر ہو جاتا ہے اور انتخابی عملہ آپ کو درست بیلٹ دینے میں مدد کر سکتا ہے۔

- چیک کریں کہ آیا آپ Mississauga کے 2026 کے بلدیاتی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔
- ووٹر رجسٹریشن پورٹل میں اپنے نام، پتے اور اسکول سپورٹ کی معلومات کی تصدیق کریں یا انہیں اپ ڈیٹ کریں۔
- امیدواروں کی تصدیق شدہ فہرست کا جائزہ لیں تاکہ آپ جان سکیں کہ میئر، وارڈ/ریجنل کونسلر اور اسکول بورڈ ٹرسٹی کے عہدوں کے لیے کون سے امیدوار انتخابات میں حصہ لے رہا ہے۔
- چیک کریں کہ آپ ایڈوانس ووٹنگ یا الیکشن کے دن پر کہاں ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

ووٹ ڈالنے کے طریقے

ذاتی طور پر ووٹ دیں

اگر آپ ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، تو آپ ایڈوانس ووٹنگ کے دوران یا الیکشن کے دن پر ذاتی طور پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔
ایڈوانس ووٹنگ کے دوران، آپ Mississauga میں کسی بھی ایڈوانس ووٹنگ کے مقام پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ الیکشن کے دن، آپ اپنے وارڈ کے اندر موجود ووٹنگ کے کسی بھی مقام پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

ووٹ ڈالنا آسان بنانے کے لیے، جانے سے پہلے تصدیق کر لیں کہ آپ کا نام ووٹرز کی فہرست میں شامل ہے۔ اگر آپ کو ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ موصول ہو گیا ہو، تو اسے اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ ووٹ ڈالنے کے لیے یہ کارڈ ضروری نہیں ہے، لیکن اس پر آپ کی ووٹنگ سے متعلق معلومات درج ہوتی ہیں اور اس سے ووٹ ڈالنے عمل تیز تر ہو سکتا ہے۔

آپ کو قابل قبول شناختی دستاویز میں سے کوئی ایک ضرور اپنے ساتھ لے کر جانی ہو گی، جس پر آپ کا نام اور Mississauga کا اہل قرار پانے والا پتہ درج ہونا چاہیے، مثلاً:

- Ontario کا کارآمد ڈرائیونگ لائسنس
- Ontario کا فوٹو کارڈ
- منسوخ شدہ کوئی ذاتی چیک
- انشورنس پالیسی یا اسٹیٹمنٹ
- Ontario کی قابل قبول ووٹر شناختی دستاویزات کی فہرست میں درج شدہ دستاویزات میں سے کوئی اور دستاویز۔

گھر کی دہلیز سے ووٹ دینے کا پائلٹ پروگرام (Front Door Pilot Program)

سٹی 2026 کے بلدیاتی انتخابات کے لیے گھر کی دہلیز سے ووٹ دینے کا آپشن بھی پیش کر رہا ہے۔ اس سہولت سے مستفید ہونے کے لیے آپ کا ووٹ ڈالنے کے لیے بطور ایک اہل ووٹر ہونا ضروری ہے۔ یہ سہولت محدود طور پر دستیاب ہے۔

یہ پائلٹ پروگرام ان لوگوں کے لیے تیار کیا گیا ہے جو کسی بیماری، چوٹ یا نقل و حرکت میں دشواری کی وجہ سے اپنے گھر سے باہر نہیں جا سکتے اور جن کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے لیے کوئی دوسرا شخص بطور پراکسی بھی موجود نہیں ہوتا۔

ووٹ دینا کیوں اہم ہے

ووٹ دینا اس ضمن میں اپنی رائے دینے کا ایک براہِ راست طریقہ ہے کہ Mississauga کس طرح ترقی کرے، خدمات کس طرح فراہم کی جائیں اور آپ کی کمیونٹی کی نمائندگی کون کرے۔ آپ کا ووٹ آپ کی روزمرہ زندگی پر اثر انداز ہونے والے فیصلوں کی تشکیل میں مدد دیتا ہے، جن میں سڑکوں، پارکوں، ٹرانزٹ، کمیونٹی پروگراموں اور دیگر مقامی خدمات سے متعلق اہم فیصلے شامل ہوتے ہیں۔

مزید معلومات

Mississauga کے 2026 کے بلدیاتی انتخابات کے بارے میں مزید معلومات، بشمول کون ووٹ دے سکتا ہے، ووٹرز کی فہرست چیک کرنے کا طریقہ، کہاں پر ووٹ ڈالنا ہے اور اپنے ساتھ کون سی شناختی دستاویزات لے کر جانی ہیں، حاصل کرنے کے لیے:

- انتخابات سے متعلق تازہ ترین معلومات، ووٹرز کے لیے معلومات، قبل از وقت ووٹنگ کی تاریخیں اور مقامات، امیدواروں سے متعلق معلومات اور انتخابی نتائج کے لیے mississauga.ca/election ملاحظہ کریں۔
- اگر آپ کے ووٹ ڈالنے، ووٹ ڈالنے کی اہلیت، اپنی ووٹر معلومات یا ووٹ ڈالنے کے مقام سے متعلق کوئی سوالات ہوں، تو (8683) 905-615-VOTE پر کال کریں۔
- اگر آپ کو شہر کی معلومات یا کسی متعلقہ سروس سے رابطہ کرنے میں مدد چاہیے ہو، تو 311 کی آن لائن کسٹمر سروس سے رابطہ کریں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ:
سٹی آف Mississauga
میڈیا ریلیشنز

News Release

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

media@mississauga.ca
905-615-3200, ext. 5232
TTY: 905-896-5151